[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975

WHEREAS it is expedient further to amend the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975 (LXXXII of 1975) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act may be called the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Act, 2022.

2. **Amendment of section 12, Act LXXXII of 1975,-** In the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975 (LXXXII of 1975), in section 12, for the full stop "." occurring at the end, a colon ":" shall be substituted, and thereafter the following proviso shall be inserted, namely:-

**"Provided that the Chairman or Speaker, as the case may be, while travelling on official business outside Pakistan, shall be entitled to the protocol of the Deputy Head of State or Vice-President of the host country."**

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASON

Pursuant to the Article 49 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Chairman Senate of Pakistan shall perform the functions of President of Pakistan in his absence or, if the Chairman is absent or unable to perform his functions as President, the Speaker of National Assembly shall perform the functions of President until he resumes his functions. Nevertheless, this status in not reflected in any manner when Chairman and Speaker are travelling abroad on official visits. This amendment in the Act aims at provision of entitlement of protocol and status to the Chairman Senate and Speaker of National Assembly as Deputy Head of State or Vice-President of the host country while travelling abroad for official business, in line with the rules of international courtesy, formal communication norms, and ceremonial practices to follow in official functions and occasions.

**MOHAMMAD ASLAM BHOOTANI**
**MEMBER, NATIONAL ASSEMBLY**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## چیئرمین اور اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنسز و استحقاقات) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض اور انداز کے لئے چیئرمین اور اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنسز و استحقاقات) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا چیئرمین اور اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنسز اور استحقاقات) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۸۲ بابت ۱۹۷۵ء، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:** چیئرمین اور اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنسز و استحقاقات) ایکٹ، ۱۹۷۵ء (نمبر ۸۲ بابت ۱۹۷۵ء) میں، دفعہ ۱۲ میں آخر میں آنے والے وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ قواعد کے باوجود چیئرمین یا اسپیکر، جو بھی صورت ہو، جب پاکستان سے باہر سرکاری کام سے محو سفر ہوں میزبان ملک کے نائب سربراہ مملکت یا نائب صدر کے پروٹوکول کے اہل ہوں گے۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۴۹ کے مطابق صدر پاکستان کی غیر حاضری میں چیئرمین سینیٹ پاکستان صدر پاکستان کے کارہائے منصبی انجام دے گا اور اگر چیئرمین غیر حاضر ہو یا بطور صدر اپنے کارہائے منصبی انجام دینے سے قاصر ہو تو اسپیکر قومی اسمبلی صدر کے کارہائے منصبی انجام دے گا تاوقتیکہ وہ اپنے کارہائے منصبی انجام دینا شروع کر دے۔ تاہم چیئرمین اور اسپیکر جبکہ وہ سرکاری دوروں پر بیرون ملک سفر پر ہوں کے رتبے کے ضمن میں یہ امر کسی طور واضح نہیں۔ ایکٹ ہذا میں اس ترمیم کا مقصد چیئرمین سینیٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی کو سرکاری کام سے بیرون ملک سفر کے دوران میزبان ملک کے نائب سربراہ مملکت یا نائب صدر کا پروٹوکول اور اسٹیٹس کا اہل بنانا ہے جو بین الاقوامی تنظیم کے قواعد، ضابطے کے مواصلاتی اصولوں اور شریفاتی طریق ہائے کار کے مطابق ہے جن کی سرکاری تقریبات اور مواقع پر پیروی کی جاتی ہے۔

دستخط/۔

محمد اسلم بھوتانی

رکن، قومی اسمبلی